اہل اللہ کی پُراثر نظر نے کس طرح دِل کی کائنات میں انقلاب برپا کردیا
اپنے موضوع پر حیرت انگیز انقلابی کتاب

اِنقلابِ عظیم

دِل کی رُوحانی زندگی میں دِینی واصلاحی انقلاب کے واقعات
جو اس بات پر شاہد ہیں کہ
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

تاثرات

حضرت مولانا مفتی مجدُالقدوس خُبیب رُومی مدظلہ
(مُفتی مظاہر علوم قدیم سہارنپور — انڈیا)

اِدارۂ تالیفاتِ اَشرفِیہ
چوک فوارہ مُلتان پاکستان

تقریظ وتاثرات

حضرت مولانا مفتی مجد القدوس خبیب رومی دامت برکاتہم العالیہ

(سابق مفتی مظاہر علوم سہارنپور انڈیا)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم امابعد!

احقر کے محبّ مخلص محترم حافظ قاری الحاج محمد اسحاق صاحب زیدت حسناتہ،

خلف الصدق حضرت الحاج الشاہ عبدالقیوم صاحب مہاجر مدنی مدظلہم۔

خلیفہ وخادم خاص حضرت الحاج الشاہ محمد شریف صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت خاصہ کا مورد بنائے۔ آمین۔

بہت ہی قابل رشک آدمی ہیں کہ آناً فاناً رسالہ پر رسالہ اور کتاب کے بعد کتاب چھاپتے رہتے ہیں۔

"ماشاء اللّٰہ لا قوۃ الاّ باللّٰہ و تبارک اللّٰہ وتقبل اللّٰہ تعالیٰ"

اشرف زمانہ، جامع المجد دین، حکیم الامت، محی السنۃ الظاہرۃ والباطنۃ حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی نور اللہ مرقدہ و برد اللہ مضجعہ کی کوئی نہ کوئی ایسی نادر ونایاب یا کمیاب کتاب جو عموماً دستیاب نہ ہو۔ اس کے لیے پورا وقت اور زر کثیر خرچ کرتے ہیں۔ چنانچہ ان کی اس خدمت سے خوش ہوکر عارف باللہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحیٔ صاحب عارفی رحمہ اللہ نے ایک مرتبہ اپنے مطب کی ایک روزہ کل آمدنی موصوف کو مرحمت فرمادی تھی کہ آپ میری طرف سے اس خدمتِ اشرفی کے لیے قبول فرمالیں۔

خوشی سے دل دُعا دیتا ہے میرا جزاک اللہ فی الدارین خیرا

خوش قسمتی سے ابھی حال ہی میں مسجد نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں قاری صاحب موصوف سے ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے ادارہ کی تازہ ترین کتاب ''تلاش مرشدہ'' عنایت فرمائی۔ یہ کتاب مرشد کامل کی تلاش و جستجو میں بلاشبہ مددگار اور راہ نما ہوگی۔ اسی کے ساتھ مزید یہ خوشخبری بھی سنائی کہ اسی سلسلہ کی دوسری کتاب ''انقلاب عظیم'' مرتب ہو چکی ہے جو عنقریب زیور طباعت سے آراستہ ہو کر منصۂ شہود پر جلوہ گر ہونے والی ہے بلکہ آپ کے ہاتھوں میں پہنچ چکی ہے۔

یہ دراصل ان سُعداء، نیک بخت حضرات کی رودادِ زندگی کا انتخاب ہے جن حضرات نے علامہ وفہامہ ہونے کے باوجود اہل اللہ کے دامن اصلاح و تربیت سے وابستہ ہو کر اپنے قلب و قالب کو اہل حق کے سانچہ میں ڈھال لیا تھا۔ محض اِس اُمید پر کہ وہ اس کے نتیجہ میں ان شاء اللہ تعالیٰ دُنیا میں ''ہدایت یافتہ'' اور آخرت میں ''نجات یافتہ'' ہو جائیں گے۔

دل سے دُعا ہے اللہ تعالیٰ محترم قاری محمد اسحاق صاحب اور ان کے معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ ان کی جملہ حسنات کو قبول فرمائے۔ ان کی مساعیٔ جمیلہ کو بار آور فرمائے، ادارہ تالیفات اشرفیہ کے افادات کو عام و تام فرمائے۔

''تلاشِ مرشد'' اور ''انقلاب عظیم'' کے قارئین و ناظرین کو ان کے مطالعہ سے بہترین نتائج وثمرات دُنیا و آخرت میں عطا فرمائے۔ آمین

"بجاہ النّبی الامین وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم"

احقر محمد القدوس خبیب رومی، عفا اللہ عنہ
مفتی مدرسہ عربیہ مظاہر علوم سہارنپور
۲۸ جمادی الاولی ۱۴۳۶ھ
دارالافتاء جامع مسجد آگرہ یوپی ہند